RAMPUR GOV^T GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ فروری ۱۸۹۴ء مطابق ۵ شعبان ۱۳۱۱ھ	نمبر

فہرست مضامین

صفحہ	نام مضمون	نمبر
۱و۲	حکم اجلاس کامل تقرر جج صاحبان بنچ مجسٹریٹ۔	۱
۲	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر رخصت حفیظ اللہ خان منصرم عدالت دیوانی بتقریب شادی حضور پرنور	۲
۲	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر مقدمات انتخاب میں اصل دستاویز شامل کیجایا کرے۔	۳
ضمیمہ	نقشہ جات درمات و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

حکم اجلاس کامل واقع ۲۹ جنوری ۱۸۹۴ء

مثل انتظام بنچ مجسٹریان کونسل میں پیش ہوکر تجویز ہوا کہ آٹھ بنچ مجسٹریٹ رامپور میں موجود ہیں چہ صاحبان بنچ مجسٹریٹ حسب ذیل اور مقرر کئے جاوین۔

۱۔ عظمت علیخان پسر شوکت علیخان۔

۲۔ محمد حسن خان مہتمم اخبار دبدبۂ سکندری رامپور۔

۳۔ سید محمد ابراہیم وکیل۔

۴۔ ہادی رضا خان پسر علی رضا خان۔

۵۔ محمد لطیف خان لفٹیننٹ پلٹن۔

۶۔ محمد نظیر خان لفٹیننٹ رسالہ۔

صاحبان مندرجہ صدر کو وہی اختیارات حاصل ہونگے جو کہ دیگر صاحبان نیچ مجسٹریٹ کو عطا ہوسکتے ہیں۔

مثل بغرض اجرائے احکام باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

حسب منشاء تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ بنام آنریری مجسٹریٹان جدید و غیرہ جاری کئے جاویں۔

۲۴ فروری سنہ ۱۹۱۶ع

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۲۴ فروری سنہ ۱۹۱۶ع

عرضی حفیظ اللہ خان منصرم عدالت ججی بدرخواست عطائے رخصت تا زمان شادی حضور پرنور دام ملکہم مع تحریر صاحب جج بہادر باشعار عدم حرج در منظوری رخصت پیش ہو کر تا آخر فروری زمانہ شادی حضور معلی دام ملکہم منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع یکم فروری سنہ ۱۹۱۶ع

بمقدمہ داخلخارج

مقدمات داخلخارج میں جو بربنائے دستاویز بیعنامہ و رہن نامہ ہبہ نامہ وغیرہ دائر ہوتے ہیں تحصیلدار صاحبان بعض میں اصل دستاویز اور بعض میں نقل دستاویز شامل کرتے ہیں یہ کارروائی مختلف ٹھیک نہیں ہے۔ ہمیشہ مقدمات داخلخارج میں جو بربنائے دستاویز دائر ہوں اصل دستاویز شامل کرائی جاوے۔ بعد کو داخل کنندہ دستاویز کو اختیار ہوگا کہ وہ باضابطہ درخواست دیکر اپنی اصل سند واپس کر لیوے لہذا۔

حکم ہوا کہ

باجرائے نقل روبکار ہذا تحصیلداران کو اطلاع دیجاوے کہ آئندہ سے نقل دستاویز شامل مقدمات داخلخارج نہ کی جاوے بلکہ اصل شامل کیجاوے اور واسطے اطلاع عام کے روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شایع ہوا

مطبوعہ ۱۲ فروری سنہ ۱۸۹۴ع ج ۱

ضمیمہ دربار گزٹ رامپور نمبر

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۵ لغایت ۱۱ فروری سنہ ۱۸۹۴ع

نام مقام	تفصیل پیدایش							تفصیل فوتے										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		۱ سال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	
شہر رامپور	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہ آیا
شاہ آباد	۷	۲۸	۶	۱۵	۵۶	۱۳	۴۳	۱۳	۴	۱	٠	۶	۴	۳۰	۸	۶	۲۲	۱	٠	۱۵	۱۲	۲۸	٠
ملک	۲	۴	۱	٠	۷	۳	۴	٠	٠	۱	٠	۲	۲	۳	۲	٠	۵	٠	٠	۲	۳	۵	٠
سوار	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	نقشہ نہ آیا
بلاسپور	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	〃
ٹانڈہ	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	٠	〃
میزان	۹	۳۲	۷	۱۵	۶۳	۱۶	۴۷	۱۳	۴	۲	٠	۸	۶	۲۳	۱۰	۶	۲۷	۱	٠	۱۷	۱۵	۳۳	٠

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۵ لغایت ۱۱ فروری سنہ ۱۸۹۴ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	٠	۱۴ سار	٠	٠	٠	۱۶ سار	حضور تحصیل و ملک و بلاسپور و سوار کے نقشے نہیں آئے
نخود خالص	٠	۲۰ سار	٠	٠	٠	٠	
نخود کسی آمیز	٠	۲۱ سار	٠	٠	٠	۲۵ سار	
ماش	٠	۱۸ سار	٠	٠	٠	۱۷ سار	
مونگ	٠	۱۷ سار	٠	٠	٠	۱۷ سار	
مکا	٠	۲۴ سار	٠	٠	٠	٠	
برنج	٠	۱۱ سار	٠	٠	٠	۱۲ سار	
روغن زرد	٠	۱۔۰۰ سار	٠	٠	٠	۱۔ سار	
روغن سیاہ	٠	۳ سار	٠	٠	٠	۰۳ سار	
روغن کنجد	٠	۳ سار	٠	٠	٠	۰۲ سار	
نمک سانبھر	٠	۰۷ سار	٠	٠	٠	۸ سار	
نمک لاہوری	٠	۶ سار	٠	٠	٠	۷ سار	
قند سیاہ	٠	۱۰ سار	٠	٠	٠	٠	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور